| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ژ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ' حرف 'ژ' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی آواز، اس کے الفاظ (کوئی سے دو) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کوحروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔ بچوں سے حروف ا، آ، ب، پ، ت، ٹ، ث، ج، چ، ح، خ، د، ڈ، ذ، ر، ڑ اور ز کا تلفظ، آواز اوراشیاء پوچھی جائیں گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کوحرف 'ژ' کافلیش کارڈ دکھایا جائے گا۔ اور بتایا جائے گا۔ کہ یہ حرف 'ژ' ہے۔ یہ حروف تہجی کا اٹھارواں حرف ہے۔ اس کی شکل ر کی طرح ہوتی ہے مگر اس کے اوپر تین نقطے ہوتے ہیں۔ بچوں کواس کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ژ' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے۔ اور حرف 'ژ' کے ذخیرہ الفاظ (ژالہ باری، اژدھا، ٹیلی ویژن) فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ژ' سے بہت کم الفاظ شروع ہوتے ہیں۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کوحرف 'ژ' کی ورک شیٹ دی جائے گی۔ جس میں بچے رنگ بھریں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے حرف 'ژ' کا تلفظ اورصوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ<br>10منٹ<br>20منٹ<br>5منٹ | فلیش کارڈز<br>ورک شیٹ رنگ | طالب علموں کوغیررسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ژ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف 'ژ' کی نشاندہی کرنے پر |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ژ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ژ' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی آوازاسکے الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروفِ تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔بچوں کو حرف 'ژ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'ژ' کی نظم سنائی جائے گی۔<br>ژالہ باری ژالہ باری     ہوئی بڑی زور کی ژالہ باری<br>خوب برسے بادل     ہوا ہر طرف جل تھل<br>بچے نہائے بڑے نہائے     سب نے مل کر پکوڑے کھائے<br>ژالہ باری ژالہ باری     ہوئی بڑی زور کی ژالہ باری<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ کتاب کا صفحہ نمبر 42 کھولیں اور حرف 'ژ' کی اشیاء کے نام بتایئے 'ژ' کی آواز کی بار بار دہرائی کروایئے۔بچوں کو Play Dough کی مدد سے حرف 'ژ' کو لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے حرف 'ژ' کی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>بچوں کو 'ژ' کی اشیاء میں رنگ بھرنے کی ورک شیٹ دی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br>Play dough<br>کتاب صفحہ نمبر 42<br>ورک شیٹ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔حرف 'ژ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف 'ژ' کی نشاندہی کرنے پر |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ژ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ژ' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی آواز اسکے الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ژ' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ 'ژ' کی نظم دہرائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ژ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف 'ژ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج آپ حرف 'ژ' کی کہانی سنیں گے۔<br>ایک دن بہت کالے بادل آئے دن رات میں بدل گیا۔ اچانک بارش شروع ہوگئی اُس کے ساتھ ہی ژالہ باری بھی ثانیہ نے باغ میں ایک بہت بڑا اژدھا دیکھا اُس نے اپنے ابو کو بلایا جو ٹیلی ویژن دیکھ رہے تھے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں بادل بنے ہوں گے۔ بچوں کو ایک پیالے میں بارش کے قطروں کی کٹنگ دی جائے گی جس میں 'ز' کے خاندان کے حروف ہوں گے۔ بچوں کو کہا جائے گا اس میں 'ژ' کو اُٹھا کر بادل کے نیچے چسپاں کریں اور ژالہ باری بنائیں۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ بارش کے قطروں کے کٹ آؤٹ | |
| | **اختتامیہ**<br>: بچوں سے ہوا میں 'ژ' لکھوایا جائے گا۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ژ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ژ' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی آوازاسکے الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ژ' کا تلفظ اُس کی آواز اور اس کی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔<br>حرف 'ژ' کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا۔اس میں 'ژ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ۔حرف 'ژ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف 'ژ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ژ' کے الفاظ کم ہوتے ہیں۔ یہ ر کے خاندان کا آخری حرف ہے۔بچوں سے کہا جائے گا سب انگلی کی مدد سے ہوا 'ژ' بنائیں اور بتائیں 'ژ' کے اوپر کتنے نقطے ہوتے ہیں۔ | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پلے ایریا میں لے کر جایا جائے گا۔ زمین پر چاک کی مدد سے ر کے خاندان کے حروف لکھے جائیں گے۔اور بچوں سے ہوپ سکوچ گیم کھیلنے کو کہا جائے گا۔ 'ژ' کے اوپر چھلانگ لگائیں اور اُس کی صوتی آواز بتایئے۔بچوں سے کہا جائے گا کہ صفحہ نمبر 43 کھولیں اور ژالہ باری میں 'ژ' کے گرد دائرہ لگائیں۔ | 20منٹ | ہوپ سکوچ گیم<br>کتاب صفحہ نمبر 43 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ژ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ژ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ژ' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی آوازاسکے الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کوحرف 'ژ' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کی مدد سے دکھا کران کی ابتدائی آواز اوراشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے Sand Letters پرحرف 'ژ' کی درست بناوٹ کی مشق کرائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی پرحرف 'ژ' پرپینسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی ہر بچے کی انفرادی طور پرنگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں کام مکمل کرسکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے بورڈ پرحرف 'ژ' کی لکھائی کرائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پرحرف 'ژ' پرپینسل پھیریے۔ | 2منٹ<br>5منٹ<br>30منٹ<br>3منٹ | فلیش کارڈ<br>Sand Letters<br>کاپی | طالب علموں کوغیرسمی طورپر جانچا جائے گا۔حرف 'ژ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف 'ژ' کی نشاندہی کرنے پر |